

(خوشخبری) بیف اسکالرشپ برائے تعلیمی سال 2024 (مکمل تعلیمی اخراجات کے ساتھ)

حکومت بلوچستان کے ذیلی ادارہ بلوچستان ایجوکیشن اینڈوومنٹ فنڈ کے زیر انتظام بلوچستان کے وہ ہونہار طلباء جو ملک کے مندرجہ ذیل نامور اداروں میں ساتویں یا آٹھویں جماعت میں (ادارے کی پالیسی کے مطابق) تعلیمی سیشن 2024 کیلئے داخلہ کے خواہش مند ہیں، کیلئے مکمل فنڈڈ اسکالرشپس دستیاب ہیں۔ پروگرام سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ان اداروں میں داخلہ لینا طلباء کی اپنی ذمہ داری ہے۔ تاہم نشستوں کی متوقع تعداد اور بیف پالیسی اور معیار کے مطابق انہیں مکمل فنڈڈ اسکالرشپ کیلئے منتخب کیا جاسکے گا۔

ساتویں یا آٹھویں جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک	
۱۔ کیڈٹ کالج پٹارو	4
۲۔ کیڈٹ کالج سانگھڑ	4
۳۔ کیڈٹ کالج حب	3
۴۔ کیڈٹ کالج حسن ابدال	4
۵۔ لارنس کالج گھوڑا گلی	2
۶۔ ایبٹ آباد پبلک سکول	5

اہلیت:

۱۔ صرف بلوچستان کے لوکل یا ڈومیسائل طلباء اہل ہیں۔ ۲۔ داخلہ کے وقت عمر ادارے کے تعین کردہ معیار کے مطابق ہو۔ ۳۔ مندرجہ بالا میں سے کسی بھی ادارے میں ساتویں یا آٹھویں جماعت میں داخلہ لیا ہو۔ ۴۔ کسی بھی فرد یا ادارے سے کسی بھی قسم کی کوئی اور اسکالرشپ لینے والے اس پروگرام کے لئے نااہل ہیں۔ ۵۔ اسکالرشپ کی ادائیگی آٹھویں جماعت سے ہوگی۔

طریقہ کار:

۱۔ داخلہ لینا طلباء کی اپنی ذمہ داری ہے۔ ۲۔ نشستوں کی متوقع تعداد غیر حتمی ہے اس لئے کمی و بیشی ہو سکتی ہے تاہم حتمی تعین ادارے کے فی کس سالانہ اخراجات کے مطابق کیا جائے گا۔ ۳۔ میرٹ کے تعین کے لئے متعلقہ ادارے میں سال 2024 میں داخلہ لینے والے بلوچستان کے تمام طلباء کی تفصیل منگوائی جائے گی۔ تاہم متوقع نشستوں کے مطابق اسکالرشپ کے لئے ادارے میں داخلے کے وقت انٹری ٹیسٹ میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر طلباء و طالبات کا انتخاب کیا جائے گا۔ اسکالرشپ کے حصول کی ترجیحات مندرجہ ذیل ہیں۔ پہلی ترجیح: جن طلباء نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے سرکاری تعلیمی اداروں سے پاس کیا ہو۔ دوسری ترجیح (پہلی ترجیح میں نشستیں بچ جانے کے بعد) جن طلباء نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے کسی بھی پرائیویٹ تعلیمی ادارے سے پاس کیا ہو۔ تیسری ترجیح (پہلی دونوں ترجیحات میں نشستیں بچ جانے کے بعد) بلوچستان سے باہر ملک کے کسی بھی تعلیمی ادارے سے داخلے کی اہلیت کا امتحان پاس کرنے والے طلباء۔ ۴۔ سلیکشن کے بعد اسکالرشپ کا تسلسل برقرار رکھنے کیلئے کم از کم 60% مارکس اور 75% حاضری برقرار رکھنی ہوگی۔ مزید برآں کلاس یا ادارہ چھوڑنے پر اسکالرشپ ختم کر دی جائے گی۔ ۵۔ اسکالرشپ پیکج میں ادارے کی فیس، میس و ہاسٹل کے اخراجات اور ایک بار یکمشت ذاتی جیب خرچ شامل ہیں۔ ۶۔ پروگرام پر بیف کے دیگر تمام قوانین یکساں طور پر لاگو ہوں گے۔

مزید معلومات کے لئے بیف کی ویب سائٹ www.beef.org.pk، فیس بک پیج یا دفتری اوقات میں زیر دستخطی سے رابطہ کریں۔

سینئر منیجر (ایم اینڈ ای)
بیف آفس، عقب مرکزی جامع
مسجد جناح ٹاؤن، کوئٹہ

AB No 284/25-01-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



(خوشخبری) بیف اسکالرشپ برائے تعلیمی سال 2024 (مکمل تعلیمی اخراجات کے ساتھ)

حکومت بلوچستان کے ذیلی ادارہ بلوچستان ایجوکیشن اینڈوومنٹ فنڈ کے زیر انتظام بلوچستان کے وہ ہونہار طلباء و طالبات جو ملک کے مندرجہ ذیل نامور اداروں میں 5/4 سالہ BS پروگرام تعلیمی سیشن 2024 کے لئے داخلہ کے خواہش مند ہیں، کے لئے مکمل فنڈڈ اسکالرشپس دستیاب ہیں۔ پروگرام سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ان اداروں میں داخلہ لینا طلباء کی اپنی ذمہ داری ہے۔ تاہم نشستوں کی متوقع تعداد بیف پالیسی اور معیار کے مطابق انہیں مکمل فنڈڈ اسکالرشپ کے لئے منتخب کیا جائے گا۔

4/5 سالہ BS پروگرام

ادارے کا نام	نشستوں کی تعداد
1۔ یونیورسٹی آف پنجاب لاہور	15
2۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور	12
3۔ لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS)	4
4۔ غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ ٹوپی صوابی	4
5۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور	20
6۔ IBA کراچی	5
7۔ IBA سکھر	10
8۔ NCA لاہور	16
9۔ FAST نیشنل یونیورسٹی اسلام آباد	5
10۔ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد	15
11۔ NUST اسلام آباد	15
12۔ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان	15
13۔ COMSATS اسلام آباد	15
14۔ SZABIST کراچی	6
15۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد	15
16۔ فورمین کرسچن کالج یونیورسٹی لاہور	15

اہلیت:۔ (1) صرف بلوچستان کے لوکل یا ڈومیسائل طلباء و طالبات اہل ہیں (2) داخلہ کے وقت عمر 23 سال سے زیادہ نہ ہو (3) مندرجہ بالا میں سے کسی بھی ادارے میں 5/4 سالہ BS پروگرام میں داخلہ لیا ہو (4) انٹرمیڈیٹ میں 60% سے کم مارکس والے امیدوار اہل نہیں ہوں گے (5) A Levels یا انٹرمیڈیٹ کے مساوی ڈگری والے بھی اہل ہوں گے بشرطیکہ IBCC کا ایکویلنس سرٹیفکیٹ رکھتے ہوں تاہم مارکس کی کم از کم شرط 60% ہے (6) انٹرمیڈیٹ پہلی کوشش میں پاس کیا ہو۔ فیل شدہ اور دوسری کوشش میں پاس کرنے والے امیدوار اہل نہیں ہوں گے۔ تاہم مارکس امپرومنٹ والے اہل ہوں گے بشرطیکہ مارکس امپرومنٹ اگلے فوری امتحان (Next immediate exam) میں کی گئی ہو (6) انٹرمیڈیٹ پاس کرنے اور یونیورسٹی میں داخلہ لینے میں 2 سال سے زیادہ کا وقفہ نہ ہو (8) کسی بھی فرد یا ادارے سے کسی بھی قسم کی کوئی اور اسکالرشپ لینے والے اس پروگرام کے لئے نااہل ہیں۔ **طریقہ کار**:۔ (1) داخلہ لینا طلباء کی اپنی ذمہ داری ہے (2) نشستوں کی متوقع تعداد غیر حتمی ہے اس لئے کمی و بیشی ہو سکتی ہے تاہم حتمی تعین ادارے کے فی کس سالانہ اخراجات کے مطابق کیا جائے گا (3) میرٹ کے تعین کے لئے متعلقہ ادارے میں سال 2024 میں داخلہ لینے والے بلوچستان کے تمام طلباء کی تفصیل منگوائی جائے گی۔ تاہم متوقع نشستوں کے مطابق اسکالرشپ کے لئے انٹرمیڈیٹ میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر طلباء و طالبات کا انتخاب کیا جائے گا۔ اسکالرشپ کے حصول کی ترجیحات مندرجہ ذیل ہیں۔ **پہلی ترجیح**:۔ جن طلباء و طالبات نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے سرکاری تعلیمی اداروں سے پاس کیا ہو۔ **دوسری ترجیح**: (پہلی ترجیح میں نشستیں بچ جانے کے بعد) جن طلباء و طالبات نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے پرائیویٹ تعلیمی اداروں سے پاس کیا ہو۔ **تیسری ترجیح** (پہلی دونوں ترجیحات میں نشستیں بچ جانے کے بعد) بلوچستان سے باہر ملک کے کسی بھی تعلیمی ادارے سے داخلے کی اہلیت کا امتحان پاس کرنے والے طلباء و طالبات۔ (4) سلیکشن کے بعد اسکالرشپ کا تسلسل برقرار رکھنے کے لئے کم از کم 60% مارکس یا 2.5CGPA اور 75% حاضری برقرار رکھنی ہوگی۔ مزید برآں سمسٹر فریز یا ڈگری یا کلاس یا ادارہ چھوڑنے یا مضمون کی تبدیلی پر اسکالرشپ ختم کر دی جائے گی (5) اسکالرشپ پیکج میں ادارے کی فیس، میس و ہاسٹل کے اخراجات اور ایک بار یکمشت ذاتی جیب خرچ شامل ہیں (6) پروگرام پر بیف کے دیگر تمام قوانین یکساں طور پر لاگو ہوں گے۔ مزید معلومات کے لئے بیف کی ویب سائٹ www.beef.org.pk، فیس بک پیج یا دفتری اوقات میں زیر دستخطی سے رابطہ کریں۔

سینئر منیجر (ایم اینڈ ای)
بیف آفس، عقب مرکزی جامع
مسجد جناح ٹاؤن، کوئٹہ

AB No 288/26-01-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan